© rasailojaraid.com

تاہم جہاں تک عام سوانح حیات اور واردات و واقعات زندگی کا تعلق ہے اس کتاب کا مطالعہ مفید اور موجب خیر و برکت ہوگا۔

الاوراد، تصنیف حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی۔ تقطیع متوسط ضخامت دو سو صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت 25/-

پتہ: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان۔ اسلام آباد، پاکستان

حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی المتوفی ۶۶۱ھ اکابر اولیائے اسلام میں سے ہیں، الاوراد کے نام سے آپ کی تصنیف لطیف کا ایک قدیم مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے کتب خانہ میں محفوظ تھا۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں حضرت شیخ نے مختلف نمازوں کے بعد مختلف مواقع پر اور مختلف اغراض و مقاصد کے لئے اوراد و ادعیہ کا ذکر کیا ہے جو حضرت شیخ کے مجرب رہے ہیں۔ مولانا محمد میاں صدیقی نے اس کو بڑی محنت اور قابلیت سے اڈٹ کیا ہے، کتاب میں کسی آیت، حدیث یا کسی بزرگ کے مقولہ کا ذکر آیا ہے تو اسے حوالہ کے ساتھ نقل کیا ہے، مشکل اور اصطلاحی الفاظ کے معانی لکھے ہیں، پھر مرکز تحقیقات فارسی نے اسے اس اہتمام سے چھاپا ہے کہ کتاب آئینہ معلوم ہوتی ہے۔ اس کتاب سے خالص اسلامی زندگی بسر کرنے کے آداب و شرائط کا علم ہوگا۔ ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ اور اس پر عمل کرنا چاہیئے۔

نظرات، از جناب وقار احمد صاحب رضوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۶ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد 12/-

پتہ: مکتبۂ دانیال، کراچی۔

آج کل اردو زبان نے تنقید نگاری میں جو غیر معمولی ترقی کی ہے وہ ادب

© rasailojaraid.com